15/07/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ سیلانیوں کو بار بار کشمیر وادی کی طرف راغب کرنے کےلئے ان کی خاطر کچھ نیا اور تازہ پیش کیا جانا ضروری ہے اور اس میں مہم جویانہ سیاحت ایک اہم رول ادا کر سکتی ہے ۔

وہ کل سرینگر میں کشمیر پاور ڈسٹریبیوشن کارپوریشن لمیٹڈ کے منیجنگ ڈائریکٹر محمود احمد شاہ کی " جموں کشمیر کے سیاحتی مقامات سے متعلق تصنیف " کو جاری کرنے کے موقعہ پر اظہار خیال کر رہے تھے ۔

ایل جی ملاقات

ایم ایل اے بدھل جاوید اقبال چودھری نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کر کے ان کے ساتھ گجر بکروال طبقے کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا ۔ جموں کشمیر اپنی پارٹی کے صدر محمد الطاف بخاری نے بھی ایل جی سے ملاقات کر کے ان کے ساتھ ہارٹیکلچر سیکٹر کی بہبودی سے جڑے معاملوں کی نسبت بات چیت کی ۔

سپیکر

اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے سُرسیار چاڈورہ کا دورہ کر کے وہاں آگ متاثرہ کنبوں کےلئے باز اباد کاری کے اقدامات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے مقامی حکام کو نقصانات کا تخمینہ لگا کر متاثرین کےلئے فوری معاوضے کی واگزاری کرنے کی ہدایت دی ۔

جاوید احمد رانا

قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران محکمہ قبائلی امور کے فلاحی اقدامات پر عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے قبائلی طبقوں کی آبادی کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے کے لئے بین محکمہ جاتی تال میل کی ضرورت اجا گر کی ۔ وزیر موصوف نے محکمے کے زیر عمل پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل اور سکیموں کے دائرے میں زیادہ سے زیادہ لوگوں کو لانے کی ہدایت دی ۔

چیف سیکریٹری

چھوٹے کاروباروں کو ڈیجیٹل انضمام کی بدولت ترقی دینے کے لئے چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کے ساتھ ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کی CEO اوپن نیٹ ورک فار ڈیجیٹل کامرس کے پلیٹ فارم کو بروئے ONDC جس دوران جموں کشمیر میں ای کامرس کو فروغ دینے کے لئے کار لانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔ چیف سیکریٹری نے روزگار کے نئے مواقعے پیدا کرنے اور مقامی معیشت کو مضبوط کرنے میں ڈیجیٹل کاروبار کی زبردست صلاحیت اجا گر کی ۔

یاترا

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا آج بارش کے باوجود دونوں راستوں سے جاری ہے۔ پہلگام اور بال تل کے بیس کیمپوں سے ہلکی بارش کے باوجود مزید کئی ہزار یاتریوں کو گھپا کی طرف روانہ کیا گیا ہے۔ کل شام پانچ بجے تک دو لاکھ بیس ہزار 187 یاتریوں نے پوتر گھپا میں حاضری دے کر شیولنگم کے درشن کئے ہیں ۔ جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج مزید 6ہزار388 یاتر یوں کے ایک اور قافلے کو وادی کی طرف روانہ کیا گیا ۔

انتقال

کشمیر کے ایک معروف ادیب ،شاعر اور فلم ساز شاہد بڈگامی 90 سال کی عمر میںانتقال کر گئے ہیں ۔ ان کے انتقال پر متعدد ادبی اور ثقافتی تنظیموں نے رنج و غم کا اظہار کیا ہے ۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے عملے نے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت ظاہر کی ہے ۔

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے انڈین انسٹیچوٹ آف منیجمنٹ جموں میں جموں کے ڈائریکٹر بی IIM پروگرام کا افتتاح کیا ۔ اس موقعہ پر Orientation پانچ روزہ ہالسٹک

ایس سہائے بھی موجود تھے ۔ تقریب کے دوران وزیر موصوف نے ادارے میں نو تعمیر شدہ ہوسٹل کمپلیکس کا بھی افتتاح کیا ۔

موسم

جموں کشمیر کے اکثر علاقوں میں کل سے وقفے وقفے سے بارشوں کا سلسلہ جاری ہے جس کے نتیجے میں شدید گرمی کا اثر ٹوٹ گیا ہے ۔ دوسری طرف حا□یہ دنوں کی خشک سا□ی کے بعد کھیت کھلیان اور باغات کے□ئے قدرتی طور پر آبپاشی مہیا ہو گئی ہے ۔ تازہ موسمی صورتحال کے بارے میں سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت18 اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ